فوری ریلیز کے لیے: 2023/6/3 **_گورنر KATHY HOCHUL_**

## ***گورنر HOCHUL نے نیویارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف جنگ میں ریاستی پیش رفت کے بارے میں اپ ڈیٹ کیا ہے***

### ***گورنر نے نیویارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف بچاؤ اور اس کے علاج کے ذرائع کا استعمال جاری رکھنے کے لیے ترغیب دی ہے: ویکسینز، بوسٹرز، ٹیسٹنگ اور علاج***

### ***3 مارچ کو ریاست بھر میں 12 اموات کی اطلاع***

گورنر Kathy Hochul نے آج نیو یارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف جنگ میں ریاستی پیش رفت کے بارے میں اپ ڈیٹ کیا اور ان بنیادی اقدامات کی نشاندہی کی جو وہ سردیوں کے موسم میں زیادہ عام ہونے والے سانس کے وائرل انفیکشنز کے پھیلاؤ سے بچانے کے لیے اٹھا سکتے ہیں۔

"میں نیو یارک کے ہر شہری کو تاکید کرتی ہوں کہ وہ خود کو، اپنے عزیزوں کو اور اپنی کمیونٹیز کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کے لیے مستعد رہیں اور تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لانا جاری رکھیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ویکسین کی خوراکوں کے بارے میں باخبر رہیں، اور اجتماعات میں شامل ہونے یا سفر کرنے سے پہلے ٹیسٹ کروانا یقینی بنائیں۔ اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے، تو اپنے ڈاکٹر سے ممکنہ علاج کے اختیارات کے بارے میں بات کریں۔"

گورنر Hochul نیویارک کے شہریوں کی یاد دہانی کر وا رہی ہیں کہ انہیں بچاؤ اور پرہیز کے عمومی اقدامات کرنے چاہئیں – مثلاً تازہ ترین ویکسین لگوانا اور حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کرنا – تاکہ وہ فلو اور COVID-19 سے بچ سکیں اور مقامی اسپتالوں پر مریضوں کا بوجھ کم ہو سکے۔ گورنر نے اس موسمِ سرما میں ریاست کی صحت کی تیاریوں پر نیو یارک کے باشندوں کو اپ ڈیٹ کرتے ہوئے ان بنیادی اقدامات کا پھر سے اعادہ کیا۔

ریاست نیو یارک کے محکمہ صحت نے حال ہی میں12 ہفتوں پر مشتمل ایک مہم کا ٹیلی وژن، سوشل میڈیا اور اسٹریمنگ سروسز پر آغاز کیا تاکہ نیو یارک کے دائمی طبی کیفیات کے حامل باشندوں کو COVID-19 کی تجویز کردہ بائی ویلنٹ بوسٹر لگوانے کی اہمیت کو سمجھنے اور شدید بیمار ہونے یا ہلاک ہونے سے بچنے کے لیے ان سے باخبر رہنے کی ترغیب دی جائے۔ ان کیفیات میں 65 سال یا اس سے زائد عمر، حاملہ، موٹاپے کے شکار افراد، ذیابیطس، یا دل یا پھیپھڑوں کی بیماری میں مبتلا افراد، یا کمزور مدافعتی نظام میں مبتلا افراد شامل ہیں۔

علاوہ ازیں، محکمۂ صحت نے 25 فروری کو اختتام پذیر ہونے والے ہفتے کی اپنیفلو کی نگرانی کی ہفتہ وار رپورٹ جاری کی ہے اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جغرافیائی طور پر ریاست بھر میں لگاتار اکیسویں ہفتے سے موسمی نزلہ زکام پھیلا ہوا ہے، جس میں اس رُت میں آج تک تمام 57 کاؤنٹیز میں کُل 317,694 مثبت کیسز رپورٹ کیے گئے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ریاست بھر میں تصدیق شدہ کیسز کی تعداد ایک ہفتے کے دوران 23 فیصد کم ہو کر 1,887 رہ گئی ہے، جبکہ پوری ریاست میں ہسپتالوں میں داخل ہونے والے افراد کی تعداد 186 رہی، جو گزشتہ ہفتے کے مقابلے میں 1 فیصد تک ہے۔

رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ انتہائی نگہداشت اور طویل مدتی نگہداشتی سہولت گاہوں میں دو کیسز سامنے آئے ہیں۔ اس ہفتے کے دوران انفلوئنزا کی وجہ سے ایک بچے کی وفات کی اطلاع ملی ہے، یعنی پوری ریاست میں مجموعی طور پر 11 اموات ہوئی ہیں۔

فلو کا موسم جاری رہنے کے پیشِ نظر، گورنر Hochul نے نیو یارک کے تمام باشندوں کو یاد دہانی کروائی ہے کہ وہ ابھی بھی اپنی سالانہ فلُو ویکسین لگوا لیں۔ فلُو کا وائرس اور COVID-19 کا سبب بننے والا وائرس دونوں گردش کر رہے ہیں، لہٰذا دونوں کے خلاف ویکسین لگوانا صحت مند رہنے اور نگہداشتِ صحت کے نظام کو اضافی بوجھ سے بچانے کا بہترین طریقہ ہے۔

محکمۂ صحت اپنی سالانہ عوامی آگاہی مہم جاری رکھے ہوئے ہے، جو بالغ افراد اور والدین کو یہ یاددہانی کرواتی ہے کہ وہ خود اور 6 ماہ اور اس سے زائد عمر کے بچوں کو فلُو اور COVID-19 دونوں کے ٹیکے لگوائیں۔ فلُو ویکسین کلینکس کے بارے میں معلومات کے لیے، مقامی محکمۂ صحت سے رابطہ کریں یا ملاحظہ کریں vaccines.gov/find-vaccines/۔

گورنر Hochul نیو یارک کے باشندوں کو اپنے بائی ویلنٹ COVID-19 ویکسین بوسٹرز لگوانے کی بھی مسلسل تاکید کرتی ہیں۔ دسمبر میں، ریاست نیو یارک کے محکمہ صحت نے بائی ویلنٹ COVID-19 بوسٹر خوراکوں کے لیے نئی رہنمائی کا اعلان کیا، جو اب 6 ماہ سے کم عمر کے اہل بچوں کے لیے دستیاب ہیں۔

اپ ڈیٹ کردہ بوسٹرز پہلے بوسٹرز ہیں جن کا ہدف اصل وائرس کی سٹرین اور حالیہ گردش کرنے والے ویریئنٹس ہیں، اور انہیں نیو یارک کے نوجوانوں اور تمام اہل افراد کے لیے تجویز کیا جاتا ہے۔ بوسٹر کے لیے اپائنٹمنٹ طے کرنے کے لیے، نیویارک کے باشندے اپنی مقامی فارمیسی، کاؤنٹی محکمۂ صحت یا نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں؛vaccines.gov ملاحظہ کریں؛ اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کریں یا قریبی مقامات تلاش کرنے کے لیے 1-800-232-0233 پر کال کریں۔

آج کے ڈیٹا کا مختصر خلاصہ ذیل میں ملاحظہ فرمائیں:

- **فی k100 کے حساب سے کیسز کی تعداد** - 4.45
- **7-دن کے اوسط کیسز فی k100** - 7.00
- **رپورٹ کردہ ٹیسٹ کے نتائج** - 29,629
- **کُل مثبت** - 869
- **مثبت فیصد** - 2.71%**
- **7 دن کی اوسط مثبت فیصد** - 2.97%**
- **ہسپتال میں مریضوں کا داخلہ** - 1,632 (-64)*
- **نئے داخل کردہ مریض** - 223*
- **ICU میں مریض** - 192 (-5)*
- **ICU میں داخل وہ مریض جنہیں نلکی لگی ہوئی ہے** - 75 (0)*
- **کُل ڈسچارجز** - 404,768 (+277)*
- **HERDS کے ذریعے نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں کی جانب سے رپورٹ شدہ نئی اموات** - 12*
- **HERDS کے ذریعے نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں کی جانب سے رپورٹ شدہ کُل اموات** - 61,906*

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

صحت کا الیکٹرانک ریسپانس سسٹم ایک NYS DOH ڈیٹا کا سورس ہے جو صرف ہسپتالوں سے، نرسنگ ہومز اور بالغان کی نگہداشت کی سہولت گاہوں سے روزانہ اموات کا مصدقہ ڈیٹا حاصل کرتا ہے۔

**اہم نوٹ:** بروز پیر، 4 اپریل سے مؤثر، وفاقی محکمہ صحت اور انسانی خدمات ( Department of Health and Human Services, HHS) کو مزید جانچ کی ان سہولیات کی ضرورت نہیں ہے جو منفی نتائج کی اطلاع دینے کے لیے COVID-19 ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹس استعمال کرتی ہیں۔ نتیجے کے طور پر، لیب کی جانب سے رپورٹ شدہ PCR نتائج کو استعمال کرتے ہوئے نیویارک ریاست کے فی صد مثبت پیمانے کا حساب لگایا جائے گا۔ مثبت اینٹی جن ٹیسٹ کو فی الحال نیویارک ریاست میں رپورٹ کیا جائے گا اور روزانہ کے نئے کیسوں کی اور کیس فی k100 کی رپورٹنگ میں PCR اور اینٹی جن ٹیسٹس دونوں شامل ہوں گے۔ اس تبدیلی اور دیگر عوامل، بشمول جانچ کے طریقوں میں تبدیلی، کی وجہ سے کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثرات کی پیمائش کرنے کے لیے سب سے قابل اعتماد پیمانہ کیسز فی 100,000 کا ڈیٹا ہے -- مثبت شرح فیصد نہیں۔

- **CDC کو رپورٹ کردہ اور اس کی جانب سے مرتب کردہ کُل اموات** - 78,759

COVID-19 کے وفات کے صوبائی سرٹیفکیٹ کا روزانہ کا یہ ڈیٹا جو NYS DOH اور NYC کی جانب سے CDC کو رپورٹ کیا گیا ہے اس میں وہ لوگ شامل ہیں جو ہسپتالوں، نرسنگ ہومز، بالغان کی نگہداشت کی سہولت گاہوں، گھر پر، شفاخانوں اور دیگر ماحول سمیت، کسی بھی مقام پر وفات پا گئے ہوں۔

ہر علاقے کی 7-دن کی اوسط برائے کیس فی K100 آبادی حسبِ ذیل ہے:

| علاقہ | جمعہ، 3 مارچ 2023 | ہفتہ، 4 مارچ 2023 | اتوار، 5 مارچ 2023 |
|---|---|---|---|
| Capital Region | 8.78 | 8.77 | 8.56 |
| Central New York | 10.52 | 10.43 | 9.98 |
| Finger Lakes | 10.14 | 10.14 | 10.17 |
| Long Island | 6.97 | 6.70 | 6.69 |
| Mid-Hudson | 6.75 | 6.31 | 6.00 |
| Mohawk Valley | 7.59 | 7.62 | 7.65 |
| New York City | 5.63 | 5.30 | 5.27 |
| North Country | 14.25 | 13.60 | 13.43 |
| Southern Tier | 12.41 | 12.05 | 12.30 |
| Western New York | 10.03 | 9.80 | 9.64 |
| **ریاست گیر** | **7.37** | **7.09** | **7.00** |

ہر علاقے میں 7-دن کے مثبت ٹیسٹ کے نتائج کی اوسط شرح جو گزشتہ تین دنوں میں رپورٹ کی گئی وہ حسبِ ذیل ہے**:

| علاقہ | جمعہ، 3 مارچ 2023 | ہفتہ، 4 مارچ 2023 | اتوار، 5 مارچ 2023 |
|---|---|---|---|
| Capital Region | 5.68% | 5.65% | 5.69% |
| Central New York | 5.47% | 5.43% | 5.30% |
| Finger Lakes | 5.94% | 5.87% | 5.94% |
| Long Island | 2.60% | 2.60% | 2.52% |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2.02% | 1.94% | 2.02% | Mid-Hudson |
| 4.83% | 4.71% | 4.70% | Mohawk Valley |
| 1.87% | 1.84% | 1.94% | New York City |
| 7.27% | 7.36% | 7.81% | North Country |
| 5.91% | 5.79% | 6.06% | Southern Tier |
| 8.88% | 8.98% | 9.42% | Western New York |
| **2.97%** | **2.92%** | **3.03%** | **ریاست گیر** |

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

نیویارک سٹی کی ہر بورو کے 7-دن کے مثبت ٹیسٹ کے نتائج کی اوسط شرح جو گزشتہ تین دنوں میں رپورٹ کی گئی وہ حسبِ ذیل ہے**:

| **اتوار، 5 مارچ 2023** | **ہفتہ، 4 مارچ 2023** | **جمعہ، 3 مارچ 2023** | **NYC میں بورو** |
|---|---|---|---|
| 1.80% | 1.77% | 1.90% | Bronx |
| 1.39% | 1.42% | 1.51% | Kings |
| 2.58% | 2.49% | 2.56% | New York |
| 2.08% | 2.07% | 2.14% | Queens |
| 2.16% | 2.19% | 2.42% | Richmond |

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

گزشتہ روز، ریاست نیو یارک کے 869 باشندوں کے COVID-19 کے ٹیسٹ مثبت آئے، جس سے کل تعداد 6,629,370 ہو گئی ہے۔ ایک جغرافیائی تقسیم حسبِ ذیل ہے:

| **نئے مثبت** | **کُل مثبت** | **کاؤنٹی** |
|---|---|---|
| 16 | 79,351 | Albany |
| 5 | 10,888 | Allegany |
| 15 | 59,200 | Broome |
| 4 | 19,390 | Cattaraugus |
| 4 | 20,630 | Cayuga |
| 5 | 29,699 | Chautauqua |
| 4 | 26,827 | Chemung |
| 6 | 11,901 | Chenango |
| 8 | 22,916 | Clinton |
| 1 | 14,032 | Columbia |
| 2 | 13,551 | Cortland |
| 1 | 10,237 | Delaware |
| 16 | 85,423 | Dutchess |

| | | |
|---|---|---|
| 57 | 271,068 | Erie |
| 4 | 7,810 | Essex |
| 7 | 12,212 | Franklin |
| 1 | 16,741 | Fulton |
| 3 | 16,719 | Genesee |
| 3 | 11,124 | Greene |
| 1 | 1,105 | Hamilton |
| 2 | 17,600 | Herkimer |
| 5 | 27,443 | Jefferson |
| - | 7,408 | Lewis |
| 4 | 14,504 | Livingston |
| 2 | 16,963 | Madison |
| 60 | 193,545 | Monroe |
| 6 | 15,158 | Montgomery |
| 66 | 550,717 | Nassau |
| 9 | 59,996 | Niagara |
| 315 | 3,089,174 | NYC |
| 9 | 69,577 | Oneida |
| 23 | 143,594 | Onondaga |
| 10 | 26,396 | Ontario |
| 10 | 140,633 | Orange |
| 1 | 10,651 | Orleans |
| 8 | 34,929 | Oswego |
| 2 | 13,413 | Otsego |
| - | 31,762 | Putnam |
| 8 | 42,095 | Rensselaer |
| 7 | 119,146 | Rockland |
| 5 | 61,958 | Saratoga |
| 6 | 44,033 | Schenectady |
| 2 | 6,642 | Schoharie |
| - | 4,357 | Schuyler |
| 1 | 7,743 | Seneca |
| 4 | 26,534 | St. Lawrence |
| 10 | 25,527 | Steuben |
| 61 | 569,529 | Suffolk |
| 6 | 24,828 | Sullivan |
| 2 | 14,172 | Tioga |
| 5 | 26,845 | Tompkins |
| 8 | 43,522 | Ulster |
| 7 | 19,072 | Warren |
| 2 | 16,004 | Washington |
| 9 | 22,078 | Wayne |

| | | |
|---|---|---|
| Westchester | 336,526 | 29 |
| Wyoming | 10,003 | 2 |
| Yates | 4,469 | - |

ذیل میں دیا گیا ڈیٹا ظاہر کرتا ہے کہ ہسپتال میں داخل افراد جن کا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ان میں سے کتنے ایسے ہیں جن کو COVID-19/COVID-19 کی پیچیدگیوں کے لیے داخل کیا گیا تھا اور کتنے افراد ایسے ہیں جن کو COVID-19 سے غیر متعلقہ کیفیات کی وجہ سے داخل کیا گیا تھا:

| علاقہ | COVID-19 کے وہ مریض جو حالیہ طور پر ہسپتال میں داخل ہیں | COVID کے سبب یا COVID کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخل ہوئے ہیں | COVID کی وجہ سے یا COVID کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخلے کی % | داخل ہوئے جبکہ داخلے کی وجوہات میں COVID شامل نہیں | ان افراد کی % جو داخل ہوئے جبکہ داخلے کی وجوہات میں COVID شامل نہیں |
|---|---|---|---|---|---|
| Capital Region | 123 | 72 | 58.5% | 51 | 41.5% |
| Central New York | 73 | 36 | 49.3% | 37 | 50.7% |
| Finger Lakes | 228 | 63 | 27.6% | 165 | 72.4% |
| Long Island | 248 | 111 | 44.8% | 137 | 55.2% |
| Mid-Hudson | 147 | 50 | 34.0% | 97 | 66.0% |
| Mohawk Valley | 37 | 23 | 62.2% | 14 | 37.8% |
| New York City | 509 | 190 | 37.3% | 319 | 62.7% |
| North Country | 51 | 30 | 58.8% | 21 | 41.2% |
| Southern Tier | 66 | 15 | 22.7% | 51 | 77.3% |
| Western New York | 150 | 72 | 48.0% | 78 | 52.0% |
| **ریاست گیر** | **1,632** | **662** | **40.6%** | **970** | **59.4%** |

اب Omicron ویریئنٹ منتشر ہونے والے وائرسز میں 95% سے زیادہ کی نمائندگی کرتا ہے۔ ویریئنٹ کی ٹریکنگ پر مزید معلومات کے لئے، براہ کرم یہاں ملاحظہ کریں: COVID-19 ویریئنٹ ڈیٹا | محکمۂ صحت (ny.gov)۔

بروز جمعہ، 3 مارچ، COVID-19 کی وجہ سے مجموعی طور پر 12 نئی اموات رپورٹ کی گئیں، جس سے کُل تعداد 61,906 ہو گئی۔ رہائش کی کاؤنٹی کے اعتبار سے، ایک جغرافیائی تقسیم کاری حسبِ ذیل ہے:

| کاؤنٹی | نئی اموات |
|---|---|
| Erie | 2 |
| Kings | 1 |
| Nassau | 1 |
| New York | 2 |
| Oneida | 1 |
| Putnam | 1 |
| Rensselaer | 1 |
| Washington | 1 |
| Westchester | 2 |
| **کُل میزان** | **12** |

*اہم نوٹ: فی الحال ویک اینڈ یا تعطیلات پر نگہداشتِ صحت کے مراکز سے HERDS اعداد و شمار اکٹھا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ستارے کے نشان کا حامل ڈیٹا 3 مارچ، بروز جمعہ رپورٹ کیا گیا تھا۔ سروے آج دوبارہ شروع ہو گا اور کل کی رپورٹ میں دکھایا جائے گا۔*

نیو یارک کے باشندے جو 5 تا 11 سالہ بچوں کے لئے ویکسین کی اپائنٹمنٹس شیڈول کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں انہیں ترغیب دی جاتی ہے کہ اپنے بچوں کے ماہرِ اطفال، خاندانی فزیشن، کاؤنٹی کے صحت کے محکموں، وفاق کی جانب سے سندیافتہ صحت کے مراکز (Federally Qualified Health Centers)، دیہی مراکزِ صحت، یا فارمیسیز سے رابطہ کریں جو اس عمر کے گروپ کے لئے ویکسین لگا رہے ہوں۔ والدین اور سرپرست vaccines.gov ملاحظہ کر کے، اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کر کے، یا 1-800-232-0233 پر کال کر کے قریبی مقامات کے بارے میں معلوم کر سکتے ہیں۔ یہ اطمینان کر لیں کہ فراہم کنندہ Pfizer-BioNTechCOVID-19 ویکسین فراہم کرے، کیونکہ ابھی تک اس عمر کے گروپ کے لیے دیگر COVID-19 ویکسینز کی اجازت نہیں ہے۔

نئی معلومات، اکثر پوچھے گئے سوالات اور جوابات، اور خاص طور پر اس عمر کے بچوں کے والدین اور سرپرستوں کی خاطر تیار کردہ وسائل کے لیے والدین اور سرپرستوں کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں